# 14-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔گورنرجشنو دیو ورما نے کہا ہے کہ حیدر آباد ریاست کے انضمام کے سلسلے میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کی دور اندیشی اور ملک کو متحد کرنے کے لیے ان کی جدوجہد بے مثال ہے۔

۲۔ریاستی وزیر سیاحت جو پلی کرشنا راؤ نے کہا کہ تلنگانہ ریاست ملک میں سیاحت کے شعبے کے لیے ایک خاص کشش کا مرکز بن کر اُبھری ہے۔

۳۔لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ ملک کی ترقی میں خواتین کا کلیدی کردار ہے، اور خواتین کی شراکت داری کی وجہ سے ہندوستان دنیا کے طاقتور ترین مما لک میں سے ایک بن رہا ہے۔

۴۔حیدر آباد موسمیات مرکز نے بتایا ہے کہ تلنگانہ میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانی درجہ تک بارش ہونے کا امکان ہے۔

۵۔میلادالنبیؐ کے سلسلہ میں حیدر آباد میں روایتی میلاد جلوس مذہبی عقیدت، جوش وخروش کے ساتھ نکالا جارہاہے۔

## MP Chamala Kiran

ایم پی چاملا کیرن نے الزام عائد کیا ہے کہ کانگریس حکومت کے دور میں گروپ-1 ملازمتیں کسی کو نہ ملنے دینے کے لیے ٹی آر ایس کے کارگزار صدر کے تارک راما راؤ رکاوٹ بن رہے ہیں۔انھوں نے کہا کہ سیاسی مفادات کے لیے گروپ-1 امیدواروں کے جذبات کو کچلنا جمہوریت سے کوئی تعلق نہیں رکھتا۔ اسی طرح، گروپ-1 امتحان کے حوالے سے ٹی آر ایس پارٹی کی جانب سے کی جارہی اعلانات کو انہوں نے انفرادی اعلانات قرار دیا اور کہا کہ یہ ریاستی حکومت کی جانب سے گروپ-1 امیدواروں کو انصاف دلانے کے وعدے پر سے عوام کا بھروسہ اٹھا رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ان کی حکومت حیدر آباد کے عوام کے ساتھ پُرعزم ہے۔

## Burgula Ramakrishna Rao

آج ریاست حیدرآباد کے پہلے وزیراعلیٰ بورگولا رام کرشنا راؤ کی برسی کے موقع پر ریاست بھر میں مختلف تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ عوام کے تئیں بورگولا رام کرشنا راؤ کی وابستگی آج کی نسل کے لیے ایک مثالی نمونہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے لیے ان کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔ وزیراعلیٰ نے ان کی خدمات کو یاد کیا۔ حیدرآباد کے لبرٹی کراس روڈ پر واقع بورگولا رام کرشنا راؤ کے مجسمہ کو تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ، پونم پربھاکر اور بی جے پی تلنگانہ کے صدر راین۔ رام چندر راؤ نے پھولوں کا نذرانہ پیش کرتے ہوئے شاندار خراجِ عقیدت پیش کیا۔

## Nagarjuna Sagar Dam

کرشنا ندی میں سیلاب کی شدت جاری رہنے کے باعث ناگرجنا ساگر پروجیکٹ کے 26 کرَسٹ گیٹ کھول کر حکام پانی کو نشیبی علاقوں میں چھوڑ رہے ہیں۔ اوپری علاقوں سے تقریباً 2 لاکھ 41 ہزار کیوسک سیلابی پانی آرہا ہے، جبکہ کرَسٹ گیٹوں اور بجلی پیداوار کے لیے مجموعی طور پر تقریباً 3 لاکھ 23 ہزار کیوسک پانی نچلی سطح کی طرف چھوڑا جا رہا ہے۔ زرعی ضروریات کے لیے دائیں اور بائیں نہروں کے ذریعے آبپاشی کا عمل جاری ہے۔ پروجیکٹ کی مکمل پانی کی سطح 590 فٹ ہے، جبکہ اس وقت پانی کی سطح 588.60 فٹ تک پہنچ چکی ہے۔

## Fees Reimbursement

ریاستی حکومت کو پرائیوٹ کالجوں کے فیس ری ایمبرسمنٹ فنڈز فوری طور پر جاری کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے سابق وزیر اور بی آر ایس کے ایم ایل اے ہریش راؤ نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ طلبہ کے مستقبل کو محفوظ بنائے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دو سالوں سے کالج انتظامیہ کی جانب سے فیس ری ایمبرسمنٹ فنڈز جاری کرنے کے لیے حکومت سے متعدد درخواستیں کی گئی ہیں، لیکن حکومت نے کوئی توجہ

نہیں دی، جس کے نتیجے میں تقریباً 13 لاکھ طلبہ کا مستقبل غیر یقینی کا شکار ہو گیا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وزیر تعلیم کا قلمدان سنبھالنے والے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اس معاملے پر فوری توجہ دیں اور کالجوں اور طلبہ کے ساتھ انصاف کریں۔ دوسری جانب، فیس ری ایمبرسمنٹ فنڈز کے اجرا کے حوالے سے ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکا اور وزیر شری دھر بابو کے ساتھ ہونے والی بات چیت ناکام ہو گئی ہے، جیسا کہ "فیڈریشن آف ایسوسی ایشنز آف تلنگانہ ہائیر انسٹی ٹیوشنز" نے انکشاف کیا۔ اس کے نتیجے میں، اس فیڈریشن نے اعلان کیا ہے کہ انجینئرنگ کالجز کل سے بند رہیں گے، اور ڈگری و پی جی کالجز 16 تاریخ سے بند کیے جائیں گے۔

State Hindi Diwas

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ہندی محض ایک زبان نہیں بلکہ قوم کے عظیم ورثے اور اقدار کی شناخت کا ایک طاقتور ذریعہ ہے۔ آج ہندی دیوس کے موقع پر انہوں نے ملک کے عوام کو مبارکباد پیش کی۔ ٹی پی سی سی کے صدر اور ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ ہندی زبان قومی یکجہتی کے لیے ایک مضبوط بنیاد ہے، اور ملک کی تمام زبانوں میں ہندی کو ایک مستقل اور ناقابلِ متزلزل مقام حاصل ہے۔ وہ حیدرآباد کے بشیر باغ پریس کلب میں منعقدہ ہندی دیوس تقریب سے خطاب کر رہے تھے، جو کہ تلنگانہ پردیش لینگوسٹک مینارٹی سیل اور تلنگانہ ہندی جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے مشترکہ زیرِ اہتمام منعقد ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ 1949 میں ہندوستانی آئین ساز اسمبلی نے ہندی کو ملک کی سرکاری زبان کے طور پر تسلیم کیا، اور ہندی زبان ملک کے کونے کونے میں بسنے والے کروڑوں ہندوستانیوں کو جوڑنے والے پُل کے طور پر کام کر رہی ہے۔ اس پروگرام میں حکومت کے مشیر وینو گوپال راؤ، اے آئی سی سی کے سکریٹری وشوناتھن، ریاستی منصوبہ بندی کمیشن کے چیئرمین چنا ریڈی، سی پی آئی رہنما چاڈا وینکٹ ریڈی اور کئی کارپوریشن چیئرمین شریک ہوئے۔

Milad Rally

جشن میلاد النبی ﷺ کے سلسلہ میں شہر حیدرآباد میں مذہبی اور روایتی جوش و خروش کے ساتھ جلوس نکالا گیا۔ جلوس کا آغاز شہر کی تاریخی مکہ مسجد سے ہوا، جبکہ مرکزی جلوس کے علاوہ فلک نما، مصری گنج اور چارمینار سے بھی پرامن جلوس نکالے گئے۔ شرکاء نے سبز پرچم لہراتے ہوئے حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات کو یاد کیا اور ایک دوسرے کو مبارکباد پیش کی۔ شہر کے مختلف علاقوں میں سڑکوں کے کنارے بڑے اسٹیج لگائے گئے اور شرکاء کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے۔ کئی مقامات کو سبز پرچموں، روشنیوں اور پھولوں سے سجایا گیا، جس سے شہر کی گلیوں میں میلاد کی روحانی فضاء قائم رہی۔ مختلف مذہبی اور سماجی تنظیموں نے اس جلوس کے انعقاد میں اہم کردار ادا کیا اور لوگوں نے عقیدت و احترام کے ساتھ جلوس میں شرکت کی۔ پولیس نے جلوس کے دوران امن و امان قائم رکھنے کے لیے سخت سیکیورٹی انتظامات کیے۔ 3,000 سے زائد اہلکار، ریپڈ ایکشن فورس، سٹی آرمڈ ریزرو، کمشنر ٹاسک فورس، سٹی کوئیک رسپانس ٹیم اور مقامی پولیس اہلکار مختلف مقامات پر تعینات کیے گئے تاکہ جلوس بلا کسی رکاوٹ کے پرامن انداز میں جاری رہے۔ پولیس نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ جلوس کے دوران تعاون کریں اور کسی بھی قسم کی بدنظمی سے گریز کریں۔ میلاد النبیؐ کے سلسلہ میں کل رات مجلس اتحادالمسلمین کے ہیڈکوارٹر میں جلسہ رحمت اللعالمینؐ کا اہتمام کیا گیا جس میں ہزاروں لوگوں نے شرکت کی۔ صدر مجلس اسدالدین اویسی اور الگ الگ مسلکوں سے تعلق رکھنے والے علماء نے سیرت النبیؐ کی مختلف پہلوؤں پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ میثاق مدینہ دنیا کا پہلا تحریری دستور تھا اور پیغمبر اسلامؐ نے عربوں کو جمہوریت کا درس دیا۔ آپؐ نے برابری اور سماجی انصاف کا پیغام دیا۔ دارالسلام میں آج رات ایک نعتیہ مشاعرہ کا اہتمام کیا جارہا ہے۔

Seethakka

تلنگانہ کی وزیر سیتا اکا نے کہا ہے کہ مقصد تک پہنچنے کے لئے چاہے کتنی بھی رکاوٹیں کیوں نہ آئیں، ان کا مقابلہ کرتے ہوئے آگے بڑھنا چاہیے۔ انہوں نے محبوب آباد ضلع کے پوگلاّ پلی ایکلو یہ اقامتی اسکول میں منعقدہ ریاستی سطح کے کھیلوں کے اختتامی اجلاس میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تین دن تک جاری رہنے والے اس کھیلوں کے میلے میں 23 ایکلو یہ رہائشی اسکولوں سے تقریباً 1250 طلباء نے بھرپور جذبہ کے ساتھ حصہ لیا۔ مختلف کھیلوں میں کامیابی حاصل کرنے والے طلباء کو وزیر سیتا اکا نے انعامات تقسیم کیئے اور ان کی کاوشوں کو سراہا۔

Jupally Krishna Rao

ریاستی وزیر سیاحت جو پلی کرشنا راؤ نے کہا کہ ملک میں سیاحت کے شعبے کے لیے ریاست تلنگانہ ایک خاص کشش کا مرکز بن چکی ہے۔ وہ حیدر آباد کے گچی باؤلی فینانشل ڈسٹرکٹ میں واقع اکشئے فنانس سینٹر میں، '' تلنگانہ چیمبر آف ایونٹس اینڈ انڈسٹری کے زیرِ اہتمام منعقدہ ساؤتھ انڈیا ویڈنگ پلانرز کانگریس کانفرنس میں شرکت کی۔ وزیر نے کہا کہ تلنگانہ کی ترقی میں ایونٹس انڈسٹری ایک کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، اور بغیر بیرونِ ملک جائے ہی تلنگانہ کو ایک بہترین ڈیسٹینیشن ویڈنگ مرکز میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریاست میں بے شمار سیاحتی مقامات اور تاریخی عمارتیں موجود ہیں اور تلنگانہ کی تاریخی و ثقافتی فنونِ لطیفہ نہایت اعلیٰ درجہ کی ہیں۔

Lok Sabha Speaker Birla

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی میں خواتین ایک اہم کردار ادا کر رہی ہیں، اور ان کی شمولیت کی بدولت ہندوستان دنیا کے طاقتور ترین ممالک میں تیزی سے اُبھر رہا ہے۔ وہ آج تروپتی میں شروع ہونے والی دو روزہ قومی خواتین بااختیاری کانفرنس کا افتتاح کر رہے تھے۔ اس کانفرنس میں

ملک کی مختلف ریاستوں سے تعلق رکھنے والی 190 خواتین نمائندے شرکت کررہے ہیں۔ اوم برلا نے کہا کہ وکست بھارت کے خواب کو شرمندِ تعبیر کرنے میں خواتین کا کردار بہت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون ساز اداروں میں خواتین کی بڑھتی ہوئی نمائندگی ایک خوش آئند پیش رفت ہے۔ انہوں نے اس بات کی خواہش ظاہر کی کہ خواتین کو سیاسی اور اقتصادی سطح پر مزید بااختیار بنایا جانا چاہیے۔ راجیہ سبھا کے ڈپٹی چیئرمین ہری ونش نارائن سنگھ نے اس موقع پر کہا کہ خواتین کا احترام کرنا ایک سماجی ذمے داری ہے، اور خواتین کو چاہیے کہ حکومت کی جانب سے فراہم کردہ فلاحی اسکیموں سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے مالی خود کفالت حاصل کریں۔

Sound Byte.

Weather

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانی درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ عادل آباد اور یادادری بھونگیر اضلاع کے لیے ارینج الرٹ جاری کیا گیا ہے، جبکہ کھمم، ورنگل، میدک، کریم نگر، نلگنڈہ، نظام آباد اور ان کے آس پاس کے مشترکہ اضلاع کے لیے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

Jishnu Dev Varma

گورنر جشنو دیو ورما نے کہا ہے کہ حیدرآباد ریاست کے انضمام کے سلسلے میں سردار ولبھ بھائی پٹیل کی دور اندیشی اور ملک کو متحد کرنے کے لیے ان کی جدوجہد بے نظیر ہے۔ آج شام سکندرآباد میں حیدرآباد ریاست کے انضمام سے متعلق دوبارہ تیار کردہ ڈیجیٹل گیلری اور 3-ڈی ورچوئل میوزیم کا افتتاح ریاستی گورنر جشنو دیو ورما اور مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے مشترکہ طور پر انجام دیا۔ اس موقع پر مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ ملک کی وحدت اور سالمیت کے لیے سردار پٹیل کی خدمات ہمیشہ یادگار رہیں

گی۔سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ میں ''یومِ انضمام'' کے موقع پر لگائی گئی فوٹو ایگزیبیشن میں، حیدرآباد کی تاریخ پر مبنی یہ ورچوئل ایگزیبیشن سیاحوں اور عوام کی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔اس ایگزیبیشن کا اہتمام سینٹرل بیورو آف کمیونیکیشن، حیدرآباد نے کیا ہے، جب کہ سالار جنگ میوزیم اور مرکزی وزارت ثقافت کے تعاون سے نیشنل کونسل آف سائنس میوزیمز نے اس کی ترقی کی ہے۔اس گیلری میں حیدرآباد کی تاریخ، نظام کی حکمرانی، اُس دور کے سماجی و اقتصادی حالات، قومی نظریے کا پھیلاؤ، حیدرآباد بحران، آپریشن پولو، اور حیدرآباد ریاست کے بھارت میں انضمام سے متعلق نایاب تصویریں شامل کی گئی ہیں۔

○○